سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ﴿١﴾ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ﴿٢﴾ وَالَّذِيْ قَدَّرَ
فَهَدٰى ﴿٣﴾ وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ﴿٤﴾ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ﴿٥﴾
سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ﴿٦﴾ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۗ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا
يَخْفٰى ﴿٧﴾ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ﴿٨﴾ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ﴿٩﴾ سَيَذَّكَّرُ
مَنْ يَّخْشٰى ﴿١٠﴾ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ﴿١١﴾ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ﴿١٢﴾
ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿١٣﴾ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ﴿١٤﴾ وَذَكَرَ اسْمَ

http://mujahid.xtgem.com

رَبِّهٖ فَصَلّٰى ﴿١٥﴾ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿١٦﴾ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّ
اَبْقٰى ﴿١٧﴾ اِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿١٨﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ﴿١٩﴾

## الم تنزیل اور سورۂ ملک کی فضیلت

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اُس وقت تک نہ سوتے تھے جب تک "الم تنزیل" اور "تبارک الذی بیدہ الملک" نہ پڑھ لیتے۔

## سورۂ سجدہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

الٓمّٓ ﴿١﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢﴾ اَمْ
يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ
اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿٣﴾ اَللّٰهُ
الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ
ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ۭ
اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٤﴾ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ
يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِىْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿٥﴾

http://mujahid.xtgem.com

ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿٦﴾ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ
كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ﴿٧﴾ ثُمَّ جَعَلَ
نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿٨﴾ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ
رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا
تَشْكُرُوْنَ ﴿٩﴾ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ
خَلْقٍ جَدِيْدٍ ڛ بَلْ هُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ﴿١٠﴾
قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ
تُرْجَعُوْنَ ﴿١١﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ
رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿١٢﴾ وَ
لَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ
لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٣﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا
نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا
كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٤﴾ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا
سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۩ ﴿١٥﴾ تَتَجَافٰى
جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۡ وَّمِمَّا
رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿١٦﴾ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ

http://mujahid.xtgem.com

أَعْيُنٍ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٧﴾ أَفَمَن كَانَ مُؤْمِنًا كَمَن كَانَ
فَاسِقًا ۚ لَّا يَسْتَوُونَ ﴿١٨﴾ أَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ
جَنَّاتُ الْمَأْوَىٰ نُزُلًا بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٩﴾ وَأَمَّا الَّذِينَ فَسَقُوا
فَمَأْوَاهُمُ النَّارُ ۖ كُلَّمَا أَرَادُوا أَن يَخْرُجُوا مِنْهَا أُعِيدُوا فِيهَا وَ
قِيلَ لَهُمْ ذُوقُوا عَذَابَ النَّارِ الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿٢٠﴾
وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ
الْأَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٢١﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن ذُكِّرَ
بِآيَاتِ رَبِّهِ ثُمَّ أَعْرَضَ عَنْهَا ۚ إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِينَ مُنتَقِمُونَ ﴿٢٢﴾
وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَلَا تَكُن فِي مِرْيَةٍ
مِّن لِّقَائِهِ ۖ وَجَعَلْنَاهُ هُدًى لِّبَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿٢٣﴾ وَ
جَعَلْنَا مِنْهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوا ۖ وَ
كَانُوا بِآيَاتِنَا يُوقِنُونَ ﴿٢٤﴾ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ
يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٢٥﴾ أَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ
كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْقُرُونِ يَمْشُونَ فِي مَسَاكِنِهِمْ ۚ
إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ ۖ أَفَلَا يَسْمَعُونَ ﴿٢٦﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَسُوقُ
الْمَاءَ إِلَى الْأَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهِ زَرْعًا تَأْكُلُ مِنْهُ

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

أَنْعَامُهُمْ وَأَنْفُسُهُمْ ۖ أَفَلَا يُبْصِرُونَ ﴿٢٧﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ
هَٰذَا الْفَتْحُ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٢٨﴾ قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ
الَّذِينَ كَفَرُوا إِيمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ﴿٢٩﴾ فَأَعْرِضْ
عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ إِنَّهُمْ مُنْتَظِرُونَ ﴿٣٠﴾

## سورہ ملک

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○
تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيرٌ ﴿١﴾ الَّذِي خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيَاةَ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ
عَمَلًا ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْغَفُورُ ﴿٢﴾ الَّذِي خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ طِبَاقًا ۖ
مَا تَرَىٰ فِي خَلْقِ الرَّحْمَٰنِ مِنْ تَفَاوُتٍ ۖ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ
تَرَىٰ مِنْ فُطُورٍ ﴿٣﴾ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ إِلَيْكَ
الْبَصَرُ خَاسِئًا وَهُوَ حَسِيرٌ ﴿٤﴾ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا
بِمَصَابِيحَ وَجَعَلْنَاهَا رُجُومًا لِلشَّيَاطِينِ ۖ وَأَعْتَدْنَا لَهُمْ
عَذَابَ السَّعِيرِ ﴿٥﴾ وَلِلَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ۖ

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿٦﴾ إِذَا أُلْقُوا فِيهَا سَمِعُوا لَهَا شَهِيقًا وَهِيَ
تَفُورُ ﴿٧﴾ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ
خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ﴿٨﴾ قَالُوا بَلَىٰ قَدْ جَاءَنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا
وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ كَبِيرٍ ﴿٩﴾
وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِي أَصْحَابِ السَّعِيرِ ﴿١٠﴾
فَاعْتَرَفُوا بِذَنْبِهِمْ فَسُحْقًا لِأَصْحَابِ السَّعِيرِ ﴿١١﴾ إِنَّ الَّذِينَ
يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ﴿١٢﴾ وَأَسِرُّوا
قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوا بِهِ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿١٣﴾ أَلَا يَعْلَمُ
مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ﴿١٤﴾ هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ
الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا وَكُلُوا مِنْ رِزْقِهِ وَإِلَيْهِ
النُّشُورُ ﴿١٥﴾ أَأَمِنْتُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ أَنْ يَخْسِفَ بِكُمُ
الْأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُورُ ﴿١٦﴾ أَمْ أَمِنْتُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ أَنْ
يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا فَسَتَعْلَمُونَ كَيْفَ نَذِيرِ ﴿١٧﴾ وَلَقَدْ
كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿١٨﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا
إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ وَيَقْبِضْنَ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا الرَّحْمَٰنُ

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيرٌ ﴿١٩﴾ أَمَّنْ هَٰذَا الَّذِي هُوَ جُندٌ لَّكُمْ
يَنصُرُكُم مِّن دُونِ الرَّحْمَٰنِ ۚ إِنِ الْكَافِرُونَ إِلَّا فِي غُرُورٍ ﴿٢٠﴾
أَمَّنْ هَٰذَا الَّذِي يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ رِزْقَهُ ۚ بَل لَّجُّوا
فِي عُتُوٍّ وَنُفُورٍ ﴿٢١﴾ أَفَمَن يَمْشِي مُكِبًّا عَلَىٰ وَجْهِهِ
أَهْدَىٰ أَمَّن يَمْشِي سَوِيًّا عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٢٢﴾
قُلْ هُوَ الَّذِي أَنشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَ
الْأَفْئِدَةَ ۖ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ﴿٢٣﴾ قُلْ هُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي
الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿٢٤﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ
إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٢٥﴾ قُلْ إِنَّمَا الْعِلْمُ عِندَ اللَّهِ وَإِنَّمَا أَنَا
نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿٢٦﴾ فَلَمَّا رَأَوْهُ زُلْفَةً سِيئَتْ وُجُوهُ الَّذِينَ
كَفَرُوا وَقِيلَ هَٰذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تَدَّعُونَ ﴿٢٧﴾ قُلْ أَرَأَيْتُمْ
إِنْ أَهْلَكَنِيَ اللَّهُ وَمَن مَّعِيَ أَوْ رَحِمَنَا فَمَن يُجِيرُ الْكَافِرِينَ
مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿٢٨﴾ قُلْ هُوَ الرَّحْمَٰنُ آمَنَّا بِهِ وَعَلَيْهِ
تَوَكَّلْنَا ۖ فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٢٩﴾ قُلْ
أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَاؤُكُمْ غَوْرًا فَمَن يَأْتِيكُم بِمَاءٍ مَّعِينٍ ﴿٣٠﴾

http://mujahid.xtgem.com

فائدہ

یعنی رات کو سونے سے پہلے یہ دونوں پڑھنے کا حضور ﷺ کا معمول تھا۔

(مسند احمد، ترمذی وغیرہ)

## سورۂ واقعہ کی فضیلت

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا جو شخص ہر رات سورۂ واقعہ پڑھیگا اس پر فاقہ کبھی بھی نہیں آئیگا، میں نے اپنی بچیوں کو ہر رات اس سورہ کو پڑھنے کا حکم دیا ہے۔

# سورۂ واقعہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

إِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝١ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ۝٢ خَافِضَةٌ
رَّافِعَةٌ ۝٣ إِذَا رُجَّتِ الْأَرْضُ رَجًّا ۝٤ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝٥
فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْبَثًّا ۝٦ وَّكُنْتُمْ أَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ۝٧ فَأَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ
مَآ أَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۝٨ وَأَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ مَآ أَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۝٩
وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ۝١٠ أُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝١١ فِيْ جَنّٰتِ

http://mujahid.xtgem.com

النَّعِيمِ ﴿۱۲﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ ﴿۱۳﴾ وَقَلِيلٌ مِّنَ الْآخِرِينَ ﴿۱۴﴾
عَلَىٰ سُرُرٍ مَّوْضُونَةٍ ﴿۱۵﴾ مُّتَّكِئِينَ عَلَيْهَا مُتَقَابِلِينَ ﴿۱۶﴾
يَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ ﴿۱۷﴾ بِأَكْوَابٍ وَأَبَارِيقَ وَكَأْسٍ
مِّن مَّعِينٍ ﴿۱۸﴾ لَّا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنزِفُونَ ﴿۱۹﴾ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا
يَتَخَيَّرُونَ ﴿۲۰﴾ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ﴿۲۱﴾ وَحُورٌ عِينٌ ﴿۲۲﴾ كَأَمْثَالِ
اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ ﴿۲۳﴾ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۲۴﴾ لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا
لَغْوًا وَلَا تَأْثِيمًا ﴿۲۵﴾ إِلَّا قِيلًا سَلَامًا سَلَامًا ﴿۲۶﴾ وَأَصْحَابُ الْيَمِينِ مَا أَصْحَابُ
الْيَمِينِ ﴿۲۷﴾ فِي سِدْرٍ مَّخْضُودٍ ﴿۲۸﴾ وَطَلْحٍ مَّنضُودٍ ﴿۲۹﴾ وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ ﴿۳۰﴾ وَ
مَاءٍ مَّسْكُوبٍ ﴿۳۱﴾ وَفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ ﴿۳۲﴾ لَّا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ ﴿۳۳﴾ وَ
فُرُشٍ مَّرْفُوعَةٍ ﴿۳۴﴾ إِنَّا أَنشَأْنَاهُنَّ إِنشَاءً ﴿۳۵﴾ فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا ﴿۳۶﴾
عُرُبًا أَتْرَابًا ﴿۳۷﴾ لِّأَصْحَابِ الْيَمِينِ ﴿۳۸﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ ﴿۳۹﴾ وَثُلَّةٌ
مِّنَ الْآخِرِينَ ﴿۴۰﴾ وَأَصْحَابُ الشِّمَالِ مَا أَصْحَابُ الشِّمَالِ ﴿۴۱﴾ فِي سَمُومٍ
وَحَمِيمٍ ﴿۴۲﴾ وَظِلٍّ مِّن يَحْمُومٍ ﴿۴۳﴾ لَّا بَارِدٍ وَلَا كَرِيمٍ ﴿۴۴﴾ إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ
ذَٰلِكَ مُتْرَفِينَ ﴿۴۵﴾ وَكَانُوا يُصِرُّونَ عَلَى الْحِنثِ الْعَظِيمِ ﴿۴۶﴾ وَكَانُوا
يَقُولُونَ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿۴۷﴾ أَوَآبَاؤُنَا

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

الْاَوَّلُوْنَ ﴿٤٨﴾ قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ﴿٤٩﴾ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى
مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿٥٠﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ۙ ﴿٥١﴾
لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿٥٢﴾ فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿٥٣﴾
فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿٥٤﴾ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ﴿٥٥﴾
هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿٥٦﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿٥٧﴾
اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿٥٨﴾ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿٥٩﴾
نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿٦٠﴾ عَلٰٓى اَنْ
نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ
النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٦٢﴾ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ﴿٦٣﴾ ءَاَنْتُمْ
تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿٦٤﴾ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا
فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿٦٥﴾ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٦٧﴾
اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ﴿٦٨﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ
الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا
تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ﴿٧١﴾ ءَاَنْتُمْ
اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

وَمَتَاعًا لِّلْمُقْوِينَ ﴿٧٣﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ﴿٧٤﴾ فَلَا
أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُومِ ﴿٧٥﴾ وَإِنَّهُ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُونَ عَظِيمٌ ﴿٧٦﴾
إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ ﴿٧٧﴾ فِي كِتَابٍ مَّكْنُونٍ ﴿٧٨﴾ لَّا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ ﴿٧٩﴾
تَنزِيلٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٨٠﴾ أَفَبِهَٰذَا الْحَدِيثِ أَنتُم مُّدْهِنُونَ ﴿٨١﴾
وَتَجْعَلُونَ رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُونَ ﴿٨٢﴾ فَلَوْلَا إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ ﴿٨٣﴾
وَأَنتُمْ حِينَئِذٍ تَنظُرُونَ ﴿٨٤﴾ وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنكُمْ وَلَٰكِن لَّا
تُبْصِرُونَ ﴿٨٥﴾ فَلَوْلَا إِن كُنتُمْ غَيْرَ مَدِينِينَ ﴿٨٦﴾ تَرْجِعُونَهَا إِن
كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٨٧﴾ فَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِينَ ﴿٨٨﴾ فَرَوْحٌ وَ
رَيْحَانٌ ۥ وَجَنَّتُ نَعِيمٍ ﴿٨٩﴾ وَأَمَّا إِن كَانَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ ﴿٩٠﴾
فَسَلَامٌ لَّكَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ ﴿٩١﴾ وَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِينَ
الضَّالِّينَ ﴿٩٢﴾ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيمٍ ﴿٩٣﴾ وَتَصْلِيَةُ جَحِيمٍ ﴿٩٤﴾ إِنَّ
هَٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِينِ ﴿٩٥﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ﴿٩٦﴾

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

## فائدہ

فاقہ کا مطلب محتاجگی، تنگدستی اور حاجت مندی کے ہیں، لہٰذا اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص رات کو سونے سے پہلے پابندی کے ساتھ سورہ واقعہ پڑھنے کا معمول بنائے گا، اس کے لئے محتاجگی نقصان وپریشانی کا باعث کبھی نہیں بنے گی بلکہ اس کو غنا و مالداری یا صبر وقناعت کی دولت عطاء ہوگی، ظاہری محتاجگی کے باوجود اس کا دل مستغنی مطمئن رہیگا۔

## چالیس آیتیں پڑھنے کا ثواب:

حدیث: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: جو شخص چالیس آیتیں ہر رات پڑھے وہ غافلین میں نہیں لکھا جائیگا جو سو آیتیں پڑھیں وہ قانتین میں لکھا جائیگا، جو دو سو آیتیں پڑھے قرآن اس سے جھگڑا نہیں کرے گا اور جو پانچ سو آیتیں پڑھے اس کے لئے ایک قنطار کا ثواب ملے گا۔

## برے خواب دیکھنے کی دعا

حدیث: حضرت محمد بن منکدرؒ فرماتے ہیں، ایک صحابی رسول اللہ ﷺ

http://mujahid.xtgem.com

کے پاس آئے اور خواب میں خوفناک چیزیں دیکھنے کی شکایت کی۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم (سونے کے لئے) اپنے بستر پر آؤ تو (یہ) دعا پڑھا کرو۔

اَعُوذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَامَۃ مِن غَضَبِہٖ وَ عِقَابِہٖ وَمِن شَرِّ عِبَادِہٖ وَمِن ھَمَزَاتِ الشَیَاطِین وَاَن یَحضُرُونَ

''میں اللہ تعالیٰ کے کلمات تامہ کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ کے غصہ، عذاب اور ان کے بندوں کے شر سے اور شیاطین کے وسوسوں اور ان کے میرے پاس آنے سے پناہ مانگتا ہوں۔''

## اچھے خواب کے لئے کیا دعا پڑھنی چاہیے؟

حضرت عائشہؓ سے منقول ہے کہ جب وہ سونے لگتیں تو یہ دعا پڑھتی تھی:

اللھم انی اسالک رویا صالحۃ صادقۃً غیر کاذبۃٍ نافعۃً غیر ضارۃٍ

''اے اللہ! میں آپ سے اچھے سچے نہ کے جھوٹے مفید نہ کہ نقصان دینے والے خواب کا سوال کرتی ہوں۔''

جب وہ یہ دعا پڑھ لیتیں تو لوگ سمجھ جاتے کہ وہ اب صبح تک یا رات کو

http://mujahid.xtgem.com

اٹھنے تک کوئی بات نہیں کریں گی۔

فائدہ:

۱......مطلب یہ ہے کہ وہ خواب جو اپنی ذات اور تاویل کے اعتبار سے اچھا ہو وہ خواب نظر آئے نہ کہ جھوٹا اور پریشان کن خواب نظر آئے۔

۲......بات نہ کرتی تھیں کا مطلب یہ ہے کہ دعا کر کے سو جاتی تھیں تاکہ آخری بات اللہ تعالیٰ کا کلام ہو۔

۳......اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اچھے خواب کی طلب اور برے سے پناہ کی دعا کرنی چاہئے۔

## سوتے وقت موت کا مراقبہ واستحضار کریں۔

حدیث: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سوتے وقت جب آخری دعا پڑھتے تو اس وقت اپنے ہاتھ کو اپنے دائیں رخسار کے نیچے رکھتے اس وقت آپ ﷺ ایسے لگتے جیسے آپ ﷺ آج رات وفات پا جائیں گے۔ (اور یہ دعا پڑھتے)

اللھم رب السمٰوات ورب العرش العظیم، ربنا ورب

http://mujahid.xtgem.com

كل شيءٍ منزل التوراة والانجيل والفرقان ، فالق الحب والنوىٰ ! اعوذبك من كل شيءٍ انت آخذ بنا صيته ، اللهم انت الاول فليس قبلك شيء، وانت الآخر فليس بعدك شيء وانت الظاهر فليس فوقك شيء، وانت الباطن فليس دونك شيء، اقض عنى الدين واغننى من الفقر.

ترجمہ: اے اللہ! ساتوں آسمانوں کے رب، عرش عظیم کے رب، ہمارے اور ہر چیز کے رب، توراۃ، انجیل اور قرآن اتارنے والے (زمین کی تہہ سے) دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے (اور اگانے) والے (اللہ!) میں ہر اس چیز سے جو آپ کے قبضہ قدرت میں ہے آپ کی پناہ لیتا ہوں۔ اے اللہ! آپ (سب سے) پہلے ہیں آپ سے پہلے کچھ نہیں ہے، آپ ہی (سب سے) آخر میں ہیں آپ کے بعد کچھ نہیں ہے، آپ ہی (سب سے) ظاہر اور برتر ہیں آپ کے اوپر کچھ نہیں ہے اور آپ ہی (سب کی تہہ میں) چھپے ہوئے ہیں آپ کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ آپ میرا قرضہ ادا کر دیجئے اور مجھے مفلسی سے غنی کر دیجئے۔

## شیطان سے حفاظت اور فرشتوں کی معیت۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

ارشاد فرمایا: آدمی جب (سونے کے لئے) بستر پر آتا ہے تو فرشتہ اور شیطان اس کی طرف بڑھتے ہیں۔ فرشتہ کہتا ہے: اللہ کرے یہ اپنا اعمال نامہ خیر پر بند کرے اور شیطان کہتا ہے شر پر ختم کرے اگر وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کر کے سوتا ہے تو فرشتہ اس کی حفاظت کرتا ہے۔

فائدہ:

۱...... اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر انسان اللہ تعالیٰ کو یاد کر کے نہیں سوتا تو شیطان ساری رات اس کے پاس رہتا ہے اور اس کے اٹھنے کا انتظار کرتا ہے کہ اس کو وساوس ڈالے بلکہ نیند میں بھی برے خواب دکھا کر اس کو پریشان کرتا ہے۔

۲...... اسی وجہ سے کہ اعمال کا خاتمہ اچھے عمل کے ساتھ ہو عشاء کے بعد باتیں کرنا مکروہ ہے تا کہ خاتمہ عشاء کی نماز پر ہو۔

ایک اور روایت میں ہے کہ جو شخص اپنے دن کو خیر کے ساتھ شروع کرتا ہے اور شام کو خیر پر ختم کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتے ہیں: اس (صبح شام) کے درمیان گناہ مت لکھو۔

http://mujahid.xtgem.com

ایک اور روایت میں ہے کہ دو محافظ فرشتے جب دن رات کے جو کچھ بندوں کے اعمال محفوظ کیے ہیں اللہ کے پاس لے کر جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نامہ اعمال کے شروع اور آخر میں خیر دیکھتے ہیں تو فرشتوں سے فرماتے ہیں تم گواہ رہو میں نے اپنے ان بندوں کے گناہوں کو معاف کر دیا ہے جو ان دونوں طرفوں (صبح شام) کے درمیان ہیں۔

## ذکر الٰہی کے بغیر سونا ناپسندیدہ ہے

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی جگہ لیٹے اور وہاں اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کرے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ندامت (وحسرت) ہوگی۔

فائدہ: مطلب یہ ہے کہ آدمی کی جو گھڑی اور حالت اللہ تعالیٰ کے ذکر کے بغیر گزر گئی ہوگی وہ اس کے لئے حسرت کا سبب ہوگی کیونکہ اس نے ثواب کمانے کا ایک عظیم موقع ضائع کر دیا ہوگا۔ اگر وہ اس گھڑی میں ذکر کرتا تو عظیم ثواب حاصل ہوتا۔ اسی لئے ایک روایت میں ہے کہ اہلِ جنت کو جنت میں جانے کے بعد دنیا کی کسی چیز کا افسوس نہیں ہوگا سوائے اس

http://mujahid.xtgem.com

گھڑی کے جو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے بغیر گزر گئی ہوگی۔

## نیند میں ڈر جانے یا گھبراہٹ طاری ہونے کی دعا

حدیث: حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک صحابی رسول اللہ ﷺ کے خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنے نیند میں ڈر جانے کی شکایت کی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم (سونے کے لئے) اپنے بستر پر جاؤ تو (یہ) دعا پڑھو:

اعوذ بکلمات اللہ التامۃ من غضبہ وعقابہ ومن شر عبادہ ومن ھمزات الشیاطین وان یحضرون.

"میں اللہ تعالیٰ کے غصے، ان کی سزا، ان کے بندوں کے شر، شیاطین کے وسوسوں اور شیاطین کے میرے پاس آنے سے اللہ تعالیٰ کے کلمات تامہ کی پناہ لیتا ہوں۔"

ان صحابی نے ان کلمات کو کہا تو ان کا خوف ختم ہوگیا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے بچوں میں جو بول سکتا اس کو یہ دعا سکھاتے اور جو بول نہیں سکتا تو اس کو لکھ کر اس کے گلے میں ڈالتے تھے۔

http://mujahid.xtgem.com

## فائدہ

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو شخص رات کو ڈر جائے یا گھبراہٹ یا کوئی پریشانی محسوس کرے تو وہ اس دعا کو پڑھے ان شاء اللہ یہ کیفیت جاتی رہے گی۔

اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ کہ تعویذ لٹکانا جائز ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ دم کرنا مؤثر ہوتا ہے تعویذ سے یہ اعتقاد نہ رکھے کہ یہ چیز بذات خود مؤثر ہے بلکہ یہ اعتقاد رکھنا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حقیقی تاثیر ہے یہ تعویذ صرف سبب کے درجہ میں ہے اور حقیقی طور پر مؤثر نہیں ہے، حقیقی تاثیر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

## جب نیند نہ آئے تو کیا دعا پڑھنی چاہیئے؟

حدیث: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے نیند نہ آنے کی شکایت کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم (یہ کلمات) پڑھو:

اللھم غارت النجوم وھدات العیون وانت حی قیوم لا تأخذک سنۃ ولا نوم یا حی یا قیوم اھدأ لیلی

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

وانم عینی۔

''اے اللہ! (آسمان پر) ستارے بھی چھپ گئے اور (زمین پر)
آنکھیں بھی (نیند میں) ڈوب گئیں۔ آپ ہی (ہمیشہ) زندہ رہنے اور
(سب کو) قائم رکھنے والے نگہبان ہیں، آپ کو نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند،
اے حی وقیوم! (پروردگار) آپ میری رات کو بھی پرسکون بنا دیجئے اور
میری آنکھوں کو بھی نیند عطا فرما دیجئے۔''

(حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:) میں نے ان کلمات کو پڑھا اللہ تعالیٰ نے میری تکلیف کو مجھ سے دور کر دیا۔

فائدہ

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جس شخص کو رات کو نیند نہ آئے تو وہ یہ دعا پڑھے اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اس کی پریشانی دور فرما دیتے ہیں۔

حدیث: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو نیند نہیں آتی تھی۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کی شکایت کی۔ آپ نے ان کو حکم فرمایا کہ سوتے وقت ان کلمات کے ذریعے پناہ مانگیں:

اعوذ بکلمات اللہ التامات من غضبہ ومن شر عبادہ ومن
همزات الشیاطین وان یحضرون۔

http://mujahid.xtgem.com

''میں اللہ تعالیٰ کے غصہ، ان کی سزا، ان کے بندوں کے شر، شیاطین کے وسوسوں اور ان کے میرے سامنے آجانے سے اللہ تعالیٰ کے کلمات تامہ کی پناہ لیتا ہوں۔''

## اچھا خواب دیکھنے کی دعا

اچھا خواب اللہ تعالی کی طرف سے ہوتا ہے اور برا شیطان کی طرف سے ہوتا ہے اچھے اور برے خواب کو دیکھ کر کیا کرنا چاہیے اس کے لئے درج ذیل حدیث ملاحظہ فرمائیے۔

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا جب تم میں سے کوئی اچھا خواب دیکھے تو وہ اللہ تعالی کی طرف سے ہے اس پر اللہ تعالی کا شکر ادا کرے اور اللہ تعالی کی تعریف کرے اور اس خواب کو بیان کرے اگر ناپسندیدہ چیز دیکھے تو وہ شیطان کی طرف سے ہے تو اللہ تعالی کی پناہ مانگے اس خواب کی شر سے اور کسی کو وہ خواب نہ سنائے تو وہ خواب اس کو نقصان نہیں پہنچائیگا۔

فائدہ

''برا خواب شیطان کی طرف سے ہے'' اس کا مطلب یہ ہے کہ

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

براخواب شیطان کے اثر سے ہوتا ہے انسان خواب سے پریشان ہو جاتا ہے تو شیطان خوش ہوتا ہے اسی وجہ سے فرمایا کہ براخواب شیطان کی طرف سے ہے ورنہ خواب اچھا ہو یا برا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے شیطان اس کو پیدا نہیں کرتا ہے۔

اس خواب سے شیطان کا مقصد مسلمان کو غمگین کرنا، بدگمانی ناامیدی اور تلاش حق کی راہ میں سستی پیدا کرنا ہوتا ہے۔

اچھا خواب دیکھ کر خلاصہ احادیث تین اعمال ہیں۔

۱......اچھے خواب پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے الحمدللہ کہنا۔

۲......اس خواب کی اچھی تعبیر لینا۔

۳......اس کو صرف اپنے سچے دوست کو بتانا۔ کیونکہ حدیث میں آتا ہے کہ خواب تعبیر دینے سے پہلے پرندے کے پیر میں لٹکا ہوتا ہے جو تعبیر دی جاتی ہے وہی ہو جاتی ہے یعنی تعبیر دینے سے پہلے خواب میں اچھائی اور برائی دونوں پہلو ہوتے ہیں لہذا جو تعبیر دی جاتی ہے اس کے قریب (یا اسی طرح) ہوتا ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

اچھے خواب کو اچھے دوست کے علاوہ کسی اور کو بتائے تو ممکن ہے وہ حسد

http://mujahid.xtgem.com

اور بغض کی وجہ سے غلط (اور خراب) تعبیر دے اور تعبیر اسی طرح ہو جائے۔

## اچھا خواب دیکھنے کے لئے عمل۔

آئمہ تعبیر نے لکھا ہے کہ جو شخص اچھا اور سچا خواب دیکھنا چاہے وہ وضوء کر کے دائیں جانب کروٹ لیٹے اور سورۃ شمس، لیل، تین، اخلاص، فلق اور ناس پڑھے پھر یہ دعا پڑھے۔

اللھم انی اعوذبک من سیئی الا حلام واستجیرک من تلاعب الشیطان فی الیقظۃ والمنام اللھم انی اسئلک رؤ یا صالحۃ صادقۃ حافظۃ نافعۃ غیر منسیۃ اللھم ارنی فی منامی ما احب۔

حدیث: حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں جب میں خواب دیکھتا تو وہ خواب مجھے بیمار کر دیتا تھا یہاں تک کہ میں نے ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ (انہوں نے فرمایا) میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔ اچھا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے جب تم میں کوئی اچھا خواب دیکھے تو اپنے دوست سے بیان کرے اور کوئی برا خواب دیکھے تو اس کے شر اور شیطان کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہے اور اپنی بائیں

http://mujahid.xtgem.com

جانب تین مرتبہ تھتکا رے تو وہ خواب اس کو بالکل نقصان نہیں پہنچائے گا۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جب تم سے کوئی برا خواب دیکھے تو اپنی بائیں جانب تین مرتبہ تھتکارے پھر یہ دعا پڑھے تو وہ خواب اس کو کچھ بھی نقصان نہیں پہنچائیگا۔

اللھم انی اعوذبک من عمل الشیطان وسیئات الاحلام

''اے اللہ! میں شیطان کے عمل اور برے خواب سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں۔''

فائدہ

براخواب دیکھ کر خلاصہ احادیث چند اعمال ہیں۔

۱......اس خواب کی برائی اور شیطان کے شر سے پناہ مانگے۔ یہ دعا پڑھے

اعوذ بما عاذت بہ ملائکۃ اللہ ورسلہ من شر رؤیائی ھذہ ان یصیبنی فیھا ما اکرہ فی دینی ودنیای.

یا تین مرتبہ ''اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم''پڑھے۔

۲......اٹھنے کے بعد تین مرتبہ تھتکارے۔

http://mujahid.xtgem.com

۳......کسی سے بیان نہ کرے کیونکہ براخواب اگر کسی سے بیان کیااوراس نے وہی بری تعبیر دی تو ایسا ہی ہو جائیگا۔

۴......نماز پڑھے۔

۵......کروٹ بدل لے۔

''یہ خواب نقصان نہیں پہنچائیگا،، کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالی نے جس طرح صدقہ وخیرات کو دفع بلیات کا سبب بنایا ہے اسی طرح خواب کے شر سے پناہ مانگنا،تھتکارنا ان تمام امور کو برے خواب کے اثرات سے محفوظ رہنے کا سبب بنایا ہے۔

یہ تمام اعمال خواب کے شر سے بچنے کے لئے کرنا اچھا ہے ورنہ کوئی ایک عمل بھی کافی ہے جیسا کہ احادیث میں وارد ہے۔

## نمازتہجد کی فضیلت قرآنِ کریم کی روشنی میں

یہ وہ نفلی نماز ہے جو اجر وثواب کے لحاظ سے تمام نفلی نمازوں پر بھاری ہے۔ایک حدیث میں جناب نبی کرام ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ فرض نمازوں کے بعد سب سے افضل نماز رات کی نماز یعنی ''تہجد'' ہے۔تہجد ہی

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

وہ نماز ہے جس میں حضور ﷺ کے پاؤں مبارک پر ورم آجاتا تھا۔اس کے باوجود آپ ﷺ پڑھتے تھے۔تہجد ہی کا وقت وہ وقت ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی خاص عنایات متوجہ ہوتی ہیں جو دوسرے اوقات میں نہیں ہوتیں۔اسی وجہ سے آپ ﷺ تہجد کے لئے ازواج مطہرات کو بھی اٹھا دیتے تھے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بھی تہجد کی خاص تاکید فرماتے تھے۔

دورِ قدیم سے اللہ کے نیک بندوں کا یہ طریقہ اور شعار رہا ہے کہ انہوں نے اس نماز تہجد کو تقرب الٰہی کا خاص ذریعہ اور وسیلہ سمجھا ہے اور خود رسول اللہ ﷺ نے اس نماز کا بہت اہتمام فرمایا ہے۔قرآن مجید میں ایک موقع پر رسول اللہ ﷺ کا تہجد کا حکم دینے کے ساتھ ساتھ آپکو مقام محمود کی امید دلائی گئی۔ارشاد خداوندی ہے۔

ومن الیل فتھجد بہ نافلۃ لک عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محمودًا.

”اور کسی قدر رات کے حصے میں آپ تہجد پڑھا کیجئے جو کہ آپ کے لئے زائد چیز ہے۔امید ہے کہ آپ کا رب آپ کو مقامِ محمود میں جگہ دے گا۔“

مقام محمود عالم آخرت میں اعلیٰ ترین مقام ہے۔بعض

http://mujahid.xtgem.com

مفسرین نے فرمایا کہ مقام محمود شفاعت عظمیٰ کا مقام ہے۔ میدان حشر میں جب تمام لوگ پریشان حال ہوں گے کوئی پیغمبر بھی نہ بول سکیں گے اور نہ ہی سفارش کی ہمت کر سکیں گے۔ اس موقع پر سب کی امیدوں کا ماوی وملجا جناب رسول اللہ ﷺ کی ذات گرامی ہوگی۔ آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سفارش فرمائیں گے اور مخلوق کو پریشانیوں سے چھڑائیں گے۔ اس وقت ہر شخص کی زبان پر آپ ﷺ کی حمد ہوگی۔

اس آیت سے دوسری بات یہ بھی معلوم ہوئی کہ "مقام محمود" اور نماز تہجد میں خاص نسبت اور تعلق ہے، لہٰذا جو امتی بھی اس نمازِ تہجد کا اہتمام کرے گا، انشاء اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن مقام محمود میں کسی نہ کسی درجہ میں جناب رسول اللہ ﷺ کی رفاقت نصیب ہوگی۔ (انشاء اللہ العزیز)

قرآن کریم نے ایمان والوں کے اوصاف ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

تتجافیٰ جنوبهم عن المضاجع يدعون ربهم خوفًا وطمعًا وممّا رزقناهم ينفقون.

"ان کے پہلو خواب گاہوں سے علیحدہ ہوتے ہیں۔ اس طور پر کہ وہ لوگ اپنے رب کو امید سے اور خوف سے پکارتے ہیں اور ہماری دی

http://mujahid.xtgem.com

ہوئی چیزوں میں سے خرچ کرتے ہیں۔"

فائدہ:

اپنے پہلو کو خواب گاہوں سے دور رکھنے والوں سے مراد جمہور مفسرین کے نزدیک نمازِ تہجد پڑھنے والے مؤمنین و مخلصین مراد ہیں۔

مطلب یہ ہے کہ جو لوگ رات کے پرسکون وقت میں اپنا راحت و آرام چھوڑ کر اللہ رب العزت کی بارگاہ میں کھڑے ہوتے ہیں، تلاوت و استغفار وغیرہ کرتے ہیں کیونکہ یہ اللہ کے عذاب سے ڈرتے ہیں اور اس کی رحمت اور ثواب کے امیدوار رہتے ہیں۔

حضرت اسماء بنت زید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ اولین و آخرین کو قیامت کے روز جمع فرمائیں گے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک منادی کھڑا ہوگا جس کی آواز تمام مخلوقات سنے گی۔ وہ کہے گا اہل محشر! آج تم جان لو گے کہ اللہ کے نزدیک کون لوگ عزت و اکرام کے مستحق ہیں۔ پھر وہ فرشتہ ندا کرے گا کہ اہلِ محشر میں سے وہ لوگ کھڑے ہوں جن کی صفت یہ تھی "تتجافی جنوبهم عن المضاجع"

http://mujahid.xtgem.com

(یعنی ان کے پہلو بستروں سے الگ ہوجاتے ہیں) اس آواز پر یہ لوگ کھڑے ہوں گے جن کی تعداد قلیل ہوگی۔ (معارف القرآن بحوالہ ابن کثیر)

اسی روایت کے بعض الفاظ میں ہے کہ یہ لوگ بغیر حساب کے جنت میں بھیج دیئے جائیں گے۔ (مظہری)

حضرت تھانوی قدس سرہ نے اس آیت کے ذیل میں لکھا ہے کہ اس آیت سے تہجد کی فضیلت ثابت ہوتی ہے۔

ایک حدیث قدسی میں اللہ کے ایسے ہی نیک بندوں کے لئے ارشاد فرمایا:

اعددت لعبادی الصالحین مالا عین رات ولا اذن سمعت ولا خطر علی قلب بشر. (بحواله مشکوة)

”میں نے اپنے نیک بندوں کے لئے وہ چیزیں تیار کی ہیں جس کو نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہے، نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی کے دل میں اس کا خیال گزرا۔“

## نمازِ تہجد کی فضیلت احادیث کی روشنی میں

### اخیر شب میں آسمانِ دنیا پر آ کر اللہ پاک کی ندا۔

عن ابی هریرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

عليه وسلم ينزل ربنا تبارك وتعالىٰ كل ليلة الى السماء الدنيا حتى يبقى ثلث الليل الآخر يقول من يدعونى فاستجيب له من يسالنى فاعطيه من يستغفرنى فاغفرله.

(بخاری ومسلم)

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ہمارا مالک اور ہمارا رب تبارک وتعالیٰ ہر رات کو جس وقت آخری تہائی رات باقی رہ جاتی ہے، آسمان دنیا کی طرف نزول فرماتا ہے اور ارشاد فرماتا ہے کہ کون ہے؟ جو مجھ سے دعا کرے اور میں اس کی دعا قبول کروں۔ کون ہے؟ جو مجھ سے مانگے اور میں اس کو عطا کروں۔ کون ہے؟ جو مجھ سے مغفرت اور بخشش چاہے میں اس کو بخش دوں۔''

فائدہ:

اللہ تعالیٰ کے آسمان دنیا پر نزول کے محدثین نے کئی معانی بیان کئے ہیں۔ علامہ حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے دو معانی ذکر کئے ہیں۔

(۱) ایک تو یہ کہ نزول سے حق تعالیٰ کی رحمت کا نزول مراد ہے۔

(۲) دوسرے یہ کہ اس سے رحمت کے فرشتے مراد ہیں یعنی اس

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

وقت رحمت کے فرشتے نازل ہوتے ہیں۔

بعض علماء نے لکھا ہے کہ نزول اللہ کی ایک صفت اور اس کا ایک فعل ہے جس کی صحیح حقیقت و کیفیت سے ہم ناواقف ہیں۔ بس اس پر اتنا ایمان لانا ضروری اور کافی ہے کہ اللہ پاک اپنے شایان شان انداز سے نزول فرماتے ہیں۔

بہرحال اس حدیث سے اتنی بات واضح ہوگئی کہ رات کے آخری حصے میں اللہ رب العزت اپنی خاص شان رحمت کے ساتھ متوجہ ہوتے ہیں اور خود اپنے بندوں کی دعا سنتے ہیں اور سوال کو پورا کرتے ہیں اور مغفرت چاہنے والے بندوں کی مغفرت کا فیصلہ فرماتے ہیں۔ بڑے ہی خوش نصیب ہیں اللہ کے وہ بندے جنہیں رات کا یہ تہائی حصہ عبادت اور ذکر و اذکار کے لئے نصیب ہو جائے۔

## تہجد پڑھنے سے چار اہم فوائد حاصل ہوتے ہیں

عن ابی امامه رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ علیکم بقیام اللیل فانه الصالحین قبلکم هو قربة لکم الی ربکم

http://mujahid.xtgem.com

ومکفرة للسیات ومنهاة عن الاثم۔ (رواہ الترمذی)

http://mujahid.xtgem.com

”حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم ضرور تہجد پڑھا کرو کیونکہ وہ تم سے پہلے صالحین کا طریقہ اور شعار رہا ہے اور قربِ الٰہی کا خاص وسیلہ ہے گناہوں کے برے اثرات کو مٹانے والی ہے اور معاصی سے روکنے والی چیز ہے۔“

اس حدیث میں نمازِ تہجد کے چار اہم ترین فائدے ذکر کئے ہیں۔

پہلا فائدہ کہ یہ قربت الی اللہ کا ذریعہ ہے یعنی نماز تہجد کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ کا تقرب اور اس کی خوشنودی حاصل ہوتی ہے۔ ایک مسلمان کے لئے اس سے بڑھ کر اور کیا سعادت ہو سکتی ہے کہ اسے اللہ رب العزت کا تقرب حاصل ہو جائے۔

دوسرا فائدہ یہ کہ دور قدیم سے اللہ کے نیک بندوں کا طریقہ اور شعار رہا ہے۔

تیسرا اور چوتھا فائدہ یہ کہ انسان کو خدا کی نافرمانی اور گناہوں سے روکنے کا بہترین اور کامیاب ترین ذریعہ ہے اس نماز کا اہتمام کرنے سے انسان گناہوں کے ارتکاب سے بچ جاتا ہے۔

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

## اخیر شب میں اللہ تعالیٰ بندے کے زیادہ قریب ہوتے ہیں

عن عمر بن عبسه قال قال رسول اللهﷺ قرب مايكون الرب من العبد في جوفه الليل فان استطعت ان تكون ممن يذكر الله في تلك الساعة فكن.

(رواه الترمذی)

”حضرت عمر بن عبسہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ بندے سے زیادہ قریب رات کے آخری درمیانی حصے میں ہوتا ہے۔ پس اگر تم سے ہو سکے تم ان بندوں میں سے ہو جاؤ جو اس مبارک وقت میں اللہ کا ذکر کرتے ہیں تو تم ان میں سے ہو جاؤ۔“

حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں منقول ہے کہ ان کے وصال کے بعد بعض حضرات نے ان کو خواب میں دیکھا تو پوچھا کہ کیا گزری ار آپ کے پروردگار نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا ہے؟ جواب میں فرمایا کہ حقائق و معارف کی جو اونچی اونچی باتیں عبارات اور اشارات میں کیا کرتا تھا وہ سب وہاں ہوا ہو گئیں اور بس وہ چھوٹی چھوٹی چند رکعتیں کام آئیں جو رات میں ہم پڑھا کرتے تھے۔

http://mujahid.xtgem.com

## نماز تہجد کی رکعتیں

تہجد کی رکعتوں کی تعداد کم از کم دو رکعت ہے اور زیادہ سے زیادہ آٹھ رکعت منقول ہے۔

جناب رسول اللہ ﷺ کا اکثر معمول یہی تھا کہ آپ دو دو رکعت کر کے آٹھ رکعت پڑھا کرتے تھے اس لئے بہتر یہی ہے کہ آٹھ رکعت پڑھی جائیں لیکن یہ ضروری نہیں، اپنے حالات اور موقع کے لحاظ سے جتنی رکعت پڑھنا ممکن ہو پڑھ سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائیں۔ (آمین)

## نماز تہجد پڑھنے کا بزرگوں کا ایک مخصوص طریقہ

کسی شخص نے تہجد کی نماز کے متعلق قطب الاقطاب حضرت اقدس مولانا امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا کہ حضرت! تہجد کی نماز کس طرح پڑھنی چاہیے؟ حضرت نے ارشاد فرمایا:

پہلے دو رکعت نفل تحیۃ الوضو کی نیت سے پڑھنا چاہیے، پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ اور آیت الکرسی "ھم فیھا خالدون" تک پڑھا جائے،

http://mujahid.xtgem.com

دوسری رکعت میں فاتحہ اور ”آمن الرسول“ سے سورۃ بقرہ کے ختم ہونے تک پڑھا جائے۔

نفل پڑھنے کے بعد پچھلے گناہوں پر پشیمان ہوکر اللہ تعالیٰ سے معافی مانگنی چاہیے اور مستقبل کے لئے دل میں عزم کیا جائے کہ حتی المقدور فرمانبردار ہوکر رہوں گا اور اللہ تعالیٰ سے نیک اعمال کرنے کی توفیق بھی مانگنا چاہیے، اعمال صالحہ کی جتنی توفیق ملی ہے اس پر شکر بھی ادا کرنا چاہیے۔

اس کے بعد آٹھ رکعات تہجد پڑھنا چاہیے ” لاتباع النبی ا“ کیونکہ حضور کریم ﷺ تہجد زیادہ تر آٹھ رکعات پڑھتے تھے۔

ان رکعات میں سورۃ یٰسین شریف اس طرح تقسیم کرکے پڑھی جائے، پہلی رکعت میں پہلا رکوع ” امام مبین“ تک، دوسری رکعت میں ” ھم مھتدون“ تک، تیسری رکعت میں دوسرے رکوع کے ختم ہونے تک یعنی ” محضرون“ تک، چوتھی رکعت میں ” فی فلک یسبحون“ تک، پانچویں رکعت میں تیسرے رکوع کے اختتام یعنی ” یرجعون“ تک چھٹی رکعت میں ” صراط مستقیم“ تک،

http://mujahid.xtgem.com

ساتویں رکعت میں " افلایشکرون" تک، آٹھویں رکعت میں سورۃ کے آخر یعنی" الیہ ترجعون " تک پڑھا جائے، اس طرح آٹھ رکعات ختم کی جائیں، اس کے بعد دو رکعات نفل قضاء حاجت کے لئے پڑھے جائیں یعنی بندہ کی اپنے رب کی طرف جو حاجت ہے اس کو پورا کرنے کے لئے نفل پڑھے جائیں، پہلی رکعت میں " سورۃ الکافرون" دس مرتبہ، دوسری رکعت میں " سورۃ اخلاص" گیارہ مرتبہ پڑھا جائے، نفل ختم ہونے کے بعد سجدہ میں جانا چاہیے، سجدہ کے اندر دس مرتبہ کلمہ تمجید " سبحان اللہ والحمدللہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم" اور دس مرتبہ یہ درود شریف پڑھا جائے۔ " اللھم صلی علی سیدنا محمد النبی الامی والہ وبارک وسلم عدد کل معلوم لک دائما ابد".

اس کے بعد دس مرتبہ " ربنا اتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار" پڑھا جائے، پھر سجدہ میں یہ دعا مانگے کہ اے اللہ تعالیٰ! میری ساری حاجتیں دینی اور دنیاوی پوری فرما

http://mujahid.xtgem.com

لیکن سب سے بڑی اور اہم حاجت میری یہ ہے کہ جس مقصد کی خاطر مجھے آپ نے پیدا فرمایا ہے یعنی اس دنیا میں رہ کر آپ کو راضی کروں اور آخرت والی میری زندگی کامیاب ہو، اس مقصد کو پورا کرنے کی توفیق عطا فرما، دنیا میں رہ کر میں دو کام کروں، ایک وہ کام جس سے آپ راضی ہوں اور جس میں آپ کی رضامندی رکھی ہوئی ہو اور دو کام کروں جس سے میری اخروی زندگی کامیاب ہوجائے۔

وصلى الله تعالىٰ على خير خلقه محمد و آله

واصحابه واتباعه أجمعين وسلم تسليما كثيراً كثيراً

http://mujahid.xtgem.com

# آئینہ تالیفات

## حضرت مولانا مفتی عاصم عبداللہ صاحب کی تالیفات ایک نظر میں

حضرت مولانا مفتی عاصم عبداللہ صاحب دامت برکاتہم کی ایک درجن سے زائد ''تالیفات'' میرے سامنے رکھی ہیں، ان کی تصنیف کردہ کتابوں کی ورق گردانی کرنے، کچھ بغور اور کچھ سرسری طور پر پڑھنے سے حیرت بھی ہوئی اور مفتی صاحب موصوف کی علمی قابلیت ولیاقت کا اندازہ بھی، مولانا کے قریب رہنے کی وجہ سے بندہ کو کسی قدر حضرت مفتی صاحب کی تدریس وافتاء کی ذمہ داریوں کا علم ہے، نیز جامعہ کے انتظامی امور کا کس قدر بوجھ حضرت مفتی صاحب کے کندھوں پر ہے؟ یہ ان کی قریبی احباب بخوبی جانتے ہیں، ان سب باتوں کو دیکھ واقعۃً حیرت ہوتی ہے کہ مفتی صاحب آخر کس وقت یہ تصنیفی امور سرانجام دیتے ہیں! میں اپنے طور پر ان کے تصنیفی اوقات طے

http://mujahid.xtgem.com

کرنے میں قیاس آرائیاں کرتا رہا لیکن حتمی طور پر کسی نتیجے پر نہ پہنچ سکا، بالآخر ایک دن میں نے پوچھ ہی لیا کہ ''حضرت! یہ کتابیں آپ کب اور کس وقت تحریر فرماتے ہیں؟''

اپنی تازہ تصنیف ''سنہرے اوراق'' میں نے بیماری کے دنوں میں رات ۱۲ / بجے کے بعد سے فجر کے درمیانی اوقات میں ترتیب دی ہے'' مفتی صاحب نے نہایت سادگی سے جواب دیا۔

''اور اس سے پہلے کی تصنیفات؟'' میں نے مکرر پوچھا۔

''وہ بھی تقریباً یہی رات گئے اوقات میں'' اُسی سادگی ومتانت سے جواب دیا۔ یہ سن کر مجھے انتہائی حیرت ہوئی، مجھے مشہور مصرع یاد آ گیا۔

من طَلَبَ الْعُلٰى سَهِرَ اللَّيَالِيْ

ترجمہ:۔ ''بلندیوں کا طالب راتیں جاگ کر گذارتا ہے''

حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم نے علمی واصلاحی موضوعات پر قلم اٹھایا ہے، اور کئی کتابیں تحریر فرمادیں، ان کی تصنیف کردہ کتب مختصر تعارف کے ساتھ ذیل میں ملاحظہ فرمائیں۔

http://mujahid.xtgem.com

۱ ''ڈاڑھی قرآن وحدیث کی روشنی میں'' (اضافہ شدہ ایڈیشن) جس میں ڈاڑھی کے وجوب کو قرآن وحدیث اور ائمہ اربعہ کے مذاہب سے ثابت کیا گیا اور اس کے طبی نقصانات وفوائد کو بھی واضح کیا گیا۔

(صفحات ۴۸)

۲ ''نفل نمازیں'' جس میں مختلف اوقات کی نفل نمازوں کے فضائل، ادائیگی کا طریقہ، رکعات کی تعداد کو کتب حدیث وفقہ سے منتخب کر کے جمع کیا گیا ہے۔

(صفحات ۶۴)

۳ ''دس نصیحتیں'' جس میں حضور ﷺ نے جو حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک موقع پر نصیحت فرمائی تھی ان کو مکمل تشریح کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔

(صفحات ۱۱۶)

۴ ''احسن الحکایات'' جس میں انبیاء علیہ السلام اور اولیاء اللہ کے حکایات کو بہت دلنشیں انداز میں نزہۃ المجالس سے منتخب کر کے پیش کیا ہے۔

(صفحات ۲۸۸)

http://mujahid.xtgem.com

۵ ''شاہراہ جنت'' جس میں چالیس وہ اعمال جن کے متعلق جناب نبی کریم ﷺ نے خوشخبری سنائی ہے کہ ان اعمال کو انجام دینا دخول جنت کے موجب ہیں' احادیث کے حوالہ کے ساتھ جمع کیا گیا ہے۔

(صفحات ۱۸۸)

۶ ''صحابہ کرام معیار حق و ایمان ہیں؟'' ایک اہم استفتاء اور اس کا تحقیقی جواب ہے جس میں صحابہ کرام کی مقدس جماعت پر جو بعض ناداں اہل قلم حرف گری کرتے ہیں ان کے دندان شکن جواب کے ساتھ صحابہ کرام کے فضائل کا ایک اجمالی خاکہ پیش کیا گیا ہے۔

(صفحات ۶۴)

۷ ''والدین کی شرعی ذمہ داریاں'' نومولود بچوں کے اسلامی نام' عقیقہ' سالگرہ' ابتدائی تربیت وغیرہ کے سلسلے میں شرعی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا گیا ہے اور مروجہ غیر شرعی رسومات کی قباحت واضح کی گئی ہے۔

(صفحات ۹۴)

http://mujahid.xtgem.com

۸ ''گلدستہ چہل حدیث'' چالیس مختصر احادیث نبویہ کا انتخاب جس میں منتخب احادیث کا مکمل مفہوم اور متعلقہ احکامات واضح کیے گئے ہیں۔

(صفحات ۲۱۶)

۹ ''دنیا سے آخرت تک'' بیماری سے لے کر آخری رسومات' تدفین تک تمام احکام' جنازہ' غسل' کفن عیادت وغیرہ کے احکام و مسائل۔

(صفحات ۹۳)

۱۰ ''نماز دین کا ستون'' نماز جیسی اہم بالشان عبادت کے مسائل واحکام وفضائل تفصیل کے ساتھ۔

(صفحات ۶۴)

۱۱ ''نیکیوں کے پہاڑ'' مختصر وقت یعنی منٹوں اور سیکنڈوں میں ہزاروں لاکھوں اور کروڑوں نیکیاں حاصل کرنے کے لیے روایات سے ثابت شدہ آیات واوراد کا مجموعہ۔

(صفحات ۷۶)

۱۲ ''سنہرے موتی'' عربی' اردو' فارسی کی معتبر ومستند کتابوں سے منتخب کیے گئے عبرت انگیز واقعات وحکایات اور ملفوظات وغیرہ پر

http://mujahid.xtgem.com

مشتمل ایک بہترین مجموعہ۔ (صفحات ۱۷۶)

۱۳ ”صلوٰۃ التسبیح کی فضیلت واہمیت“ اس میں صلوٰۃ التسبیح کی فضیلت واہمیت، اس کے پڑھنے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے، نیز اس کی جماعت کا حکم، تسبیحات بھول جانے یا زیادہ پڑھنے کی صورت میں کیا حکم ہے، ایسے ہی تسبیحات کیسے شمار کی جائیں، اس کے علاوہ اس نماز کے تمام احکامات نہایت واضح اور سہل انداز میں بیان کئے گئے ہیں۔ (کل صفحات: ۳۱)

۱۴ ”سنہرے اوراق“ اس کتاب میں انبیاء علیہم السلام، صحابہ کرام وتابعین اور دیگر سلفِ صالحین اور مصلحین امت کے حیرانگیز، سبق آموز، روح پرور، زندگی کی کایا پلٹنے والے حالات واقعات درج ہیں، جنہیں پڑھنے سے نفس کی اصلاح ہوتی ہے، دل میں نورانیت دنیا سے بے رغبتی اور آخرت کا شوق پیدا ہوتا ہے۔ (کل صفحات: ۳۱۶)

۱۵ ”قرآنِ کریم کی پُرنور دعائیں“ اس رسالے میں قرآنِ کریم کی وہ دعائیں ذکر کی گئیں ہیں جو انبیاء علیہم السلام نے مانگی ہیں یا اللہ تبارک تعالیٰ نے اپنے بندوں کو سکھلائی ہیں۔ (صفحات ۶۶)

http://mujahid.xtgem.com
http://mujahid.xtgem.com

۱۶ ''مروّجہ صلوٰۃ وسلام کی شرعی حیثیت'' اس رسالہ میں اذان سے پہلے درود وسلام پڑھنے کے متعلق ایک اہم استفتاء کا قرآنِ کریم، احادیثِ مبارکہ اور اقوالِ صحابہ وتابعین کی روشنی میں مفصل ومدلّل جواب دیا گیا۔ (صفحات:۸۰)

۱۷ ''گناہوں کے پہاڑ''۔ اس رسالہ میں بخاری شریف کی وہ حدیث جس میں آنحضرت ﷺ نے ''سات ہلاکت خیز گناہوں'' سے بچنے کا حکم فرمایا، کی نہایت عمدہ اور دلنشین انداز میں تشریح کی گئی ہے، ایسی جامع وعمدہ تشریح کے ساتھ پہلی بار یہ رسالہ زیرِطبع سے آراستہ ہوا ہے، عوام وخواص کے لئے یکساں مفید۔ (صفحات:۹۸)

۱۸ ''رسول اکرم ﷺ کے رات کے اعمال'' اس رسالہ میں رات کی وہ تمام سنتیں اختصار کے ساتھ درج ہیں جو سونے سے لے کر جاگنے تک وقتاً فوقتاً انسان کو لاحق ہوتی ہیں، جن پر عمل کر کے انسان اپنی رات کی نیند کو عبادت بنا سکتا ہے۔ (صفحات:۹۴)

۱۹ ''سنہری کرنیں'' اس کتاب میں مختلف ومتنوع وموضوعات

http://mujahid.xtgem.com

پر مشتمل دلچسپ و پسندیدہ حکایات وواقعات جمع ہیں۔ (زیر طبع)

۲۰ ”سنہرے وظائف“ اس رسالے میں قرآن وسنت سے منقول وہ اوراد و وظائف اور دعائیں مذکور ہیں جو دنیا وآخرت کی ہر خیر برکت کے حصول اور تمام شرور و فتن سے حفاظت کا ذریعہ ہے۔

(زیر طبع)

محمد قاسم امیر

رفیق دارالافتاء جامعہ حمادیہ

۲۲ / جمادی الثانی ۱۴۲۹ھ

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com

بلغ العلى بكماله

كشف الدجى بجماله

حسنت جميع خصاله

صلوا عليه وآله

http://mujahid.xtgem.com

http://mujahid.xtgem.com